نیا ایڈیشن


# ٹریفک کے
# قواعد و ضوابط




پنجاب ٹریفک پولیس

CS CamScanner

# ٹریفک کے قوانین



قیمت -/50 روپے

**ٹریفک قوانین کی پابندی آپ کے اپنے مفاد میں ہے**

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

داتا فارم ہاؤس

40- اُردو بازار، زبیدہ سنٹر، لاہور: فون: 042-37311922

CamScanner

# فہرست

چوراہوں پر مڑنے کا ضابطہ

لرنر پرمٹ بنوانے کا طریقہ

پکا لائسنس حاصل کرنے طریقہ

گاڑی چلانے کے اصول

گاڑی کھڑی کرنے کے ضابطہ

ٹریفک کے نشانات اور انکی قسمیں

اوورٹیکنگ کا طریقہ

ڈرائیور صاحباں کے اشارے

پولیس کے اشارے

بیس اہم نکات

بتی والے اشارے

زیبرا کراسنگ کی اقسام

رات کے وقت گاڑی چلانا

ٹریفک کی اہم دفعات

CamScanner

# ٹریفک کے قوانین آپ کی حفاظت کرتے ہیں

ٹریفک کے قواعد وضوابط سے واقفیت رکھنا نہ صرف ڈرائیور صاحبان بلکہ عام شہریوں کے لیے بھی انتہائی ضروری ہے کیونکہ مروجہ قواعد وضوابط نہ صرف آپ کو حادثات سے تحفظ دیتے ہیں بلکہ یہ آپ میں خود اعتمادی بھی پیدا کرتے ہیں۔

موٹر گاڑیوں کے قانون کے تحت پانچ قسم کے نشانات ترتیب دیے گئے ہیں۔

اول انتباہی نشانات

دوئم باضابطہ نشانات

سوئم لازمی نشانات

چہارم اطلاعی نشانات

پنجم سڑک کے درمیان کھینچی گئی سفید و پیلے رنگ کی لکیریں۔

## اول انتباہی نشانات

یہ نشانات ۲۴ قسم کے ہیں۔ ان نشانات کا مقصد آپ کو سڑک کے ان پیچ و خم سے باخبر کرنا ہے جو آگے راستے میں آنے والے ہوں تا کہ آپ بروقت محتاط ہو جائیں اور کسی ناخوشگوار حادثے کا احتمال نہ رہے۔

# ٹریفک کے باضابطہ نشانات

ان نشانات کی تعداد ۳۱ ہے۔ یہ نشانات آپ کو حادثات سے محفوظ رکھنے کے لیے بنائے گئے ہیں جو آپ کے لئے قانوناً حکم کا درجہ رکھتے ہیں۔ اس لیے آپ پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ آپ ان پر عمل کر کے حادثات سے محفوظ رہیں۔

## سوئم: لازمی نشانات

ان کی تعداد ۱۵ ہے۔ یہ نشانات بھی آپ کی حفاظت کرتے ہیں۔ ان کی پابندی کرنا آپ کے لیے ضروری قرار دیا گیا ہے۔ ورنہ کسی ناخوشگوار واقعہ یا حادثہ کو رونما ہونے کی صورت میں آپ قانون کی گرفت میں آسکتے ہیں۔

## چہارم: اطلاعی نشانات

ان نشانات کی تعداد ۲۳ ہے جو ڈرائیور صاحبان کی رہنمائی اور سہولت کے لیے نصب کیے گئے ہیں۔

## پنجم: سڑک پر لگی ہوئی لکیریں

یہ لکیریں جو سڑک کو دو حصوں میں تقسیم کرتی ہیں تا کہ ڈرائیور صاحبان اپنے حصہ کی سڑک آسانی سے استعمال کر سکیں۔ اس کے علاوہ چوراہوں پر مڑنے کے طریقہ کار کی وضاحت اور جہاں ٹریفک کانسٹیبل نہ ہوں وہاں پیدل سڑک عبور کرنے والوں کی حفاظت بھی آپ کے ذمہ ڈالتی ہے۔

CS CamScanner

# انتباہی نشانات


بایاں موڑ


دایاں موڑ


دوہرا موڑ دائیں طرف


دوہرا موڑ بائیں طرف


خطرناک اترائی


خطرناک چڑھائی


سڑک سمندری گودی یا دریا
کے کنارے کی طرف جاتی ہے


مویشی یا دوسرے جانوروں
کے سڑک پار کرنے کی جگہ



جنگلی جانوروں کے
سڑک پار کرنے کی جگہ

CamScanner



سڑک کی مرمت کا کام جاری ہے


ہوائی اڈہ


سائیکل سوار کے سڑک پار کرنے کا راستہ


آگے سڑک تنگ ہے۔


طراف سے ہوا چلتی ہے


بتی والے اشارے


بچوں سڑک پار کرنے کی جگہ


علیحدہ ہونے والا پل


پیدل سڑک پار کرنے کی جگہ




ایسے چوراہے پر راستے کا حق ان
گاڑیوں کا ہے دائیں سے آئیں



کنکر، پتھر



ایسے سہ راہے پر راستے کا حق ان
گاڑیوں کا ہے دائیں سے آئیں




آگے چھوٹی سڑک کراس کرتی ہے



سامنے بڑی سڑک ہے۔



بائیں سمت سے چھوٹی سڑک نکلتی ہے



رفتار کم کرنے کا خم




گرتے ہوئے پتھروں
سے ہوشیار رہے دیگر




خطرات



چھوٹی سڑک بائیں جانب ہے




دوطرفہ ٹریفک



دائیں سمت سے چھوٹی سڑک نکلتی ہے



پہلے دائیں اور پھر بائیں سمت
سے چھوٹی سڑکیں نکلتی ہے



ناہموار سڑک




پہلے بائیں اور پھر دائیں سمت
سے چھوٹی سڑکیں نکلتی ہے



چھوٹی سڑک بائیں جانب
سے آکر ملتی ہے۔




پھسلنے والی سڑک




چھوٹی سڑک دائیں جانب
سے آکر ملتی ہے۔




چھوٹی سڑک دائیں جانب ہے



گڑھا




بغیر پھاٹک ریلوے لائن




ریلوے پھاٹک




تنگ پل



آگے خطرہ




ٹریفک کا چکر



یہاں سے واپس مڑ سکتے ہیں۔

CS CamScanner

# ٹریفک کے باضابطہ نشانات




راستہ دینے کا اشارہ




ٹھہرنے کا اشارہ




اپنی رفتار کم کیجیے




سڑک بند ہے



تمام ممنوعات کا خاتمہ




(۴ے) حدِ رفتار کا خاتمہ




آگے نکلنے پر پابندی کا خاتمہ



سائیکلوں کا داخلہ ممنوع ہے



موٹر سائیکل کا داخلہ ممنوع ہے




ایک ایکسل پر چھ ٹن سے وزنی
گاڑیوں کا داخلہ ممنوع ہے۔




۹ میٹر سے زیادہ لمبی گاڑیوں
کا داخلہ ممنوع ہے۔



بائیں طرف مڑنا ممنوع ہے



دائیں طرف مڑنا ممنوع ہے



واپس مڑنا ممنوع ہے



آگے نکلنا ممنوع ہے



موٹر گاڑی کا داخلہ ممنوع ہے



داخلہ ممنوع ہے



مال بردار گاڑیوں کے لیے
آگے نکلنا ممنوع ہے




حدِ رفتار پچاس کلومیٹر ہے



ہارن بجانا ممنوع ہے۔




کسٹم پولیس کی چوکی سے رکے
بغیر گذرنا ممنوع ہے




پولیس چوکی سے رکے
بغیر گذرنا ممنوع ہے۔




(۷۲) گاڑی کھڑی کرنا ممنوع ہے




جانور گاڑیوں کا داخلہ ممنوع ہے



ریڑھیوں کا داخلہ ممنوع ہے



ٹریکٹر وغیرہ کا داخلہ ممنوع ہے




اڑھائی میٹر سے زیادہ چوڑی
گاڑیوں کا داخلہ ممنوع ہے




پانچ میٹر سے زیادہ اونچی
گاڑیوں کا داخلہ ممنوع ہے




ساتھ ٹن سے زیادہ وزنی
گاڑیوں کا داخلہ ممنوع ہے




مال بردار گاڑیوں کا داخلہ ممنوع ہے۔



پیدل چلنے والوں کا داخلہ ممنوع ہے۔

# لازمی نشانات



صرف دائیں مڑ سکتے ہیں



صرف سامنے جاسکتے ہیں




صرف بائیں مڑ سکتے ہیں



بائیں طرف رہیے



سامنے یا دائیں طرف جاسکتے ہیں



ٹریفک کا چکر




سائیکل کا راستہ



ڈبل سڑک




آگے دوطرفہ ٹریفک ہے



ان میں ایسا چلائیے جیسے ہدایت کی گئی ہے۔




سامنے یا بائیں طرف جاسکتے ہیں



ان میں ایسا چلائیے جیسے ہدایت کی گئی ہے۔



دائیں طرف رہیے



صرف بائیں طرف مڑ سکتے ہیں



صرف دائیں طرف مڑ سکتے ہیں

CamScanner

# اہم ہدایات

۱۔ راؤنڈ اباؤٹ پر راستے کا حق آپ کے دائیں ہاتھ سے آنے والی ٹریفک کا ہے لہٰذا اسے پہلے گزرنے دیں

۲۔ کسی بڑی سڑک پر آنے سے پہلے مکمل طور پر رکیں خواہ وہاں ٹریفک نہ ہو۔ ایسا کرنے سے حادثہ کا احتمال نہیں رہتا۔

۳۔ اگر آپ چالیس کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے گاڑی چلا رہے ہوں تو اگلی گاڑی سے اسی فٹ کا فاصلہ رکھیں۔ موٹر گاڑیوں کے قانون کے تحت ایک میل کی رفتار کے لیے دوفٹ کا فاصلہ رکھنا لازمی ہے۔

۴۔ سڑک کے درمیان خطرناک جگہوں پر سفید مسلسل لکیر لگا دی جاتی ہے جس کا مقصد ہوتا ہے کہ یہاں آپ اوورٹیک ہرگز نہ کریں۔

۵۔ جہاں رکنے کا لکھا ہو وہاں رکنا ضروری ہے خواہ سڑک پر ٹریفک نہ ہو۔

۶۔ سرخ بتی ہونے کی صورت میں بائیں سمت مڑنے سے پہلے رکئے اور پیدل حضرات کو گزرنے دیجئے پھر ٹریفک کو دیکھئے اگر راستہ صاف ہے تو تب آپ بائیں طرف مڑ سکتے ہیں واضح رہے کہ سرخ بتی پر آپ دائیں طرف ہرگز نہیں مڑ سکتے۔

۷۔ اگر راہ چلتے آپ ایمرجنسی گاڑی کا ہارن سنیں تو اپنی گاڑی سڑک کے انتہائی بائیں جانب کر کے روک لیں۔

۸۔ اگر بتی والا اشارہ فوراً بند ہو جائے اور آپ کو رکنا پڑے اور پچھلی گاڑی آپ سے ٹکرا جائے تو قانون کے تحت پچھلی گاڑی کا ڈرائیور قصوروار ہوگا۔

۹۔ دو لائنوں والی سڑک پر چلتے ہوئے اگر آپ کو دائیں طرف مڑنا ہے تو آپ کی گاڑی کے دونوں ٹائر کے درمیان والی لین کے قریب ہونا چاہیے۔

۱۰۔ اگر آپ اپنی گاڑی کے شیشے میں پیچھے سے آنے والی کسی تیز رفتار گاڑی کو دیکھیں تو کیا اسے گزرنے کیلئے انڈیکیٹر سے اشارہ دیں گے۔(ہرگز اشارہ نہ دیں)

۱۱۔ چوک کراس کرتے وقت مخالف سمت سے اچانک کوئی گاڑی آنے کی صورت میں اپنی گاڑی واپس اپنی لین میں لے آئیں۔

۱۲۔ سرخ بتی ہونے کی صورت میں اگر آپ سٹاپ لین پر رکے ہوں تو پولیس مین کے حکم کی تعمیل کریں

۱۳۔ رات کے وقت اوورٹیک کرنے کے لئے ہیڈ لائٹ کو بار بار ڈپ کر کے راستہ مانگیں۔

۱۴۔ ریلوے پھاٹک پر انتہائی چوکس رہیں ورنہ حادثہ ہونے کی صورت میں آپ قصوروار ہوں گے۔

۱۵۔ اپنی گاڑی کی لائٹ سورج غروب ہونے کے آدھ گھنٹہ بعد جلائیں اور سورج نکلنے سے آدھ گھنٹہ پہلے بجھا دیں۔

CamScanner

# عام ہدایات

گاڑی چلانے سے قبل یہ اطمینان کرلیں کہ آپ کا یہ اقدام خطرے سے خالی ہے اور یہ کہ ایسا کرنے میں آپ کسی دوسرے سڑک استعمال کرنے والے کے لئے دقتیں نہیں پیدا کریں گے۔ پیچھے سے آنے والے ٹریفک کا خاص خیال رکھیں گاڑی بڑھانے سے قبل اشارہ دیں اور آگے جانے یا گزرنے والی گاڑیوں کے لئے راستہ چھوڑ دیں۔

گاڑی خاصی جائیں جانب رکھیں، سوائے اس وقت کے، جب آپ کسی سے آگے بڑھ رہے ہوں یا جب آپ دائیں طرف مڑ رہے ہوں۔ سڑک کے درمیانی حصے سے ہرگز چمٹے نہ رہیں۔


گاڑی اتنی تیز ہرگز نہ چلائیں، کہ آپ سامنے نظر آنے والے سڑک کے صاف حصہ کے اندر ہی، مناسب مقام پر رکھ رنہ سکیں۔ اچانک گاڑی روکنے کے لئے اپنے سامنے خاصی جگہ چھوڑیں۔ رات کو گاڑی چلاتے وقت، ہمیشہ اپنی لائٹ کی حدود کے کافی اندر ہی رہیں۔

اگر گاڑی چلاتے وقت، انکھوں میں چکا چوند پیدا ہو جائے تو رفتار آہستہ کر لیں یا گاڑی روک لیں۔

اگر سڑک پر مرمت ہو رہی ہو تو گاڑی آہستہ چلائیں۔

ایسے موڑوں پر، جہاں دائیں بائیں سے آنے والی گاڑیاں نظر نہ آئیں یا جہاں سڑک ایک دم مڑتی ہو انتہائی محتاط رہیں۔

# اطلاعی نشانات




مقامات کے پیشگی اشارے



دائیں والی سڑک بند ہے



بائیں والی سڑک بند ہے



آگے سڑک بند ہے۔




ہوائی اڈے کی سمت




جگہ کی سمت




شہر کی ابتدا




شہر کا اختتام


CamScanner




ہسپتال




یک طرفہ سڑک




یک طرفہ سڑک



بس سٹاپ



ٹرام سٹاپ




گاڑی کھڑی کرنے کی
جگہ اس طرف ہے




گاڑی کھڑی کرنے کی جگہ


CS CamScanner





گاڑی کھڑی کرنے کی جگہ اس طرف ہے۔





گاڑی کھڑی کرنے کی جگہ اس طرف ہے۔





گاڑی کھڑی کرنے کی جگہ اس طرف ہے۔





گاڑی کھڑی کرنے کی جگہ اس طرف ہے۔



سہولت اس طرف ہے



ابتدائی طبی امداد کی جگہ




گاڑی مرمت کرنے کی جگہ




ٹیلیفون



پٹرول پمپ



ہوٹل



کھانے کی جگہ




چائے وغیرہ کی جگہ


CamScanner




تفریح کا مقام




آگے پیدل چلنے والوں کا راستہ



کیمپ کرنے کی جگہ



کاروان ٹھہرنے کی جگہ




کیمپ کرنے اور کاروان ٹھہرنے کی جگہ




یوتھ ہوسٹل


# سڑکوں کے نشانات روڈ پارکنگ




سنٹر لائن




موٹروے




درمیانی لائن جہاں پر آگے نکلنے کی ممانعت ہے




موٹروے کا اختتام




آگے اسی صورت میں نکل سکتے ہیں اگر مقابل سمت سے کوئی گاڑی نہ آ رہی ہو



آگے نکلنے کی بالکل ممانعت ہے




چوراہے میں داخل ہونے سے پہلے رکنا ضروری ہے۔




## باکس جنکشن


اس میں اس وقت تک داخل نہ ہوں جب تک آپ کو یہ یقین نہ ہو جائے کہ آپ کے داخل ہونے سے کراس روڈ پر ٹریفک کے رکاوٹ پیدا نہیں ہوگی




ہر لین میں ٹریفک اپنے متعین کردہ سمتوں میں ہی جاسکتی ہے۔



رکے کے بغیر اس لائن کو عبور کرنا منع ہے۔




چوراہے میں داخل ہونے سے پیشتر دائیں طرف سے آنے والی گاڑیوں کو پہلے جانے دیں۔



چوراہے میں داخل ہونے سے پیشتر دائیں طرف سے آنے والی گاڑیوں کو پہلے جانے دیں۔




پیدل چلنے والے کو پہلے گزر جانے دیں



سڑک پر رکنا ممنوع ہے



آگے لین بند ہے



سڑک پر پارکنگ ممنوع ہے

## آئینہ استعمال کریں

1۔ چلنے سے پہلے
2۔اشارہ دینے سے پہلے
3۔کسی گاڑی کے آگے نکلنے سے پہلے
4۔آہستہ ہونے یارکنے سے پہلے
5۔مڑنے سے پہلے
6۔گاڑی کادروازہ کھولنے سے پہلے

## اوورٹیک کرنا

اس وقت تک ہرگز اوورٹیک نہ کریں، جب تک آپ کو یہ یقین نہ ہو کہ آپ خودکو اور دوسروں کوکسی خطرے میں ڈالے بغیر ایسا کرسکتے ہیں۔جھٹ پٹے، کہر دھند کے وقت جب رفتااور فاصلہ کا صحیح اندازہ لگانا مشکل ہواوورٹیکنگ میں انتہائی احتیاط برتیں۔

ہرگزاوورٹیک نہ کریں جب آپ کسی موڑ، نکر، چوراہے،

کسی پیادہ روڈ کراسنگ، کسی پہاڑی چوٹی یا کوزہ پشت پل پر سے گزر رہے ہوں یا ان کے قریب ہوں، جب سڑک تنگ ہو۔

یاجب آپ کے ایسا کرنے سے کسی دوسری گاڑی کوجھوک کھانا یا بریک لگانا پڑے۔

جب پیدل چلنے والوں یا دوسری ٹریفک کو راستہ دینے کے لئے کوئی اپنی رفتار کودھیما کردے یارک جائے۔

سوائے اس وقت کے جب کوئی ڈرائیور دائیں طرف مڑنے کا اشارہ کررہا ہو ہمیشہ دائیں جانب سے اوورٹیک کریں چوراہے کے گول چکریا یک رخ، سڑکوں یا موڑوں کواوورٹیک کرتے وقت ضروری نہیں ہے کہ یہ اصول برتا جائے۔

قطار سے تیزی کے ساتھ سڑک کے درمیان نہ آئیں ایسا کرنے سے پہلے اطلاع دیں۔کسی چلتی ہوئی گاڑی کے سامنے جسے آپ نے ابھی ابھی اوورٹیک کیا ہے یک دم سے ہرگز نہ آئیں۔

جب تک آپ سامنے کافی دور تک دیکھ کر یہ اطمینان نہ کرلیں کہ سڑک بالکل صاف ہے۔

CS CamScanner

سڑک کے بیچ کی سفید مسلسل لکیر کو ہرگز پار نہ کریں۔

اگر ٹریفک جام ہو جائے تو اپنی ہی لین میں رہیں۔

چوراہے کے قریب جہاں آہستہ چلاؤ کی تختی لگی ہو وہاں رفتار کم کرلیں اور اس تک پہنچنے پر رکنے کے لئے پہلے سے تیار ہو جائیں۔

چوراہے پر پہنچ کر پہلے دائیں پھر بائیں ایک مرتبہ دائیں طرف دیکھیں اور اس وقت تک آگے نہ بڑھیں جب تک پورا اطمینان نہ ہو جائے۔

چوراہے پر بڑی سڑک کے ٹریفک کو راستہ دیں۔ اگر کسی سڑک کے بڑی ہونے سے متعلق شک ہو تب بھی اس سڑک کے ٹریفک کے لئے راستہ چھوڑ دیں۔

پھاٹک کے ریلوے لیول کراسنگ کا سائن دیکھتے ہی گاڑی آہستہ کرلیں۔ دائیں بائیں دیکھیں بغور سنیں اور لائن پار کرنے سے پہلے اطمینان کرلیں۔

## آپ کے پیچھے کا ٹریفک

ڈرائیور صاحبان کو چاہیے کہ گاڑی کو آگے بڑھاتے یا پیچھے کرتے وقت یا اس کا دروازہ کھولتے وقت ادھر اُدھر دیکھ کر اطمینان کرلیں کہ کوئی انہیں اوورٹیک کرنے والا تو نہیں ہے۔ اور یہ کہ ان کے اگلے اور پچھلے پہیوں کے قریب کے اُن حصوں میں جو بمشکل دکھائی دیتے ہیں، کوئی بچہ یا کوئی رکاوٹ تو نہیں ہے۔

ڈرائیور صاحبان کو چاہیے کہ سگنل دینے یا راہ بدلنے یا اوورٹیک کرنے یا مڑنے یا رکنے سے قبل اپنے ڈرائیونگ شیشے میں ضرور دیکھیں۔

موٹر سائیکل سواروں کو چاہیے کہ سائیکل میں شیشہ لگا ہونے کے باوجود سگنل دینے یا آگے بڑھنے یا راہ بدلنے یا اوورٹیک کرنے یا مڑنے سے پہلے پیچھے ضرور نظر ڈال لیں۔

## سیدھا چلاتے وقت

اگر کسی گاڑی کی رفتار اس وقت تیز ہو جائے جب آپ اسے اوورٹیک کر رہے ہوں تو اس

سے ریس نہ کریں بلکہ پیچھے ہو جائیں۔

جب کوئی آپ کو اوورٹیک کر رہا ہو تو اپنی رفتا تیز نہ کریں۔

جب آپ کسی کھلی سڑک پر ہوں تو اپنی گاڑی سے بڑھا کر نہ چلائیں۔

## رات کو چلاتے وقت

گنجان آباد علاقے میں اس وقت تک چھوٹی بتیوں پر بھروسہ نہ کریں، جب تک کہ سڑک پوری طرح روشن نہ ہو۔ تاریک سڑکوں پر محض چھوٹی بتیوں کے سہارے گاڑی نہ چلائیں۔

دوسری گاڑیوں یا سائیکل سواروں کو سامنے دیکھ کر، اگر ٹریفک کے حالات اجازت دیں تو اپنی ہیڈ لائٹ ''ڈپ'' کرلیں۔

اگر آپ کسی گاڑی کے باکل پیچھے چل رہے ہیں تو اپنی ہیڈ لائٹ ''ڈپ'' کرلیں۔

## اپنی گاڑی کو مندرجہ ذیل جگھوں پر کھڑا نہ کریں۔

(ا) کسی بڑی سڑک پر۔

(ب) کسی ایسی سڑک پر جہاں تیز رفتار ٹریفک ہو۔

(ج) کسی کھڑی ہوئی گاڑی کے بالکل قریب یا تقریباً سامنے۔

(د) کسی کھڑی ہوئی گاڑی کے برابر جس سے ڈبل پارکنگ ہو جائے۔

(ہ) کسی پناہ گاہ، زیر تعمیر سڑک یا ایسی ہی دوسری رکاوٹوں کے روبرو۔

(و) ایسی جگہ جہاں غیر منقطع سفید لائن لگی ہو۔

(ز) کسی بھی اسٹاپ، یا اسکول کے دروازہ کے قریب۔

## اپنی گلی میں رہیے

اگر سڑک کے درمیان دہری لکیر بنی ہو تو اس بات کا اطمینان کر لیجئے کہ آیا آپ سے قریب کی لکیر کا تسلسل قائم ہے یا ٹوٹ گئی ہے۔ اگر لکیر کا تسلسل قائم ہے تو اسے عبور کرنے کی کوشش نہ کیجئے۔ لیکن آپ کے قریب کی لکیر ٹوٹ گئی ہے اور آپ یہ سمجھتے ہیں کہ اپنی طرف کی مسلسل سفید لکیر

CamScanner

تک پہنچنے سے پہلے ہی آپ بہ حفاظت تمام اوورٹیکنگ مکمل کر سکتے ہیں تو اسے عبور کر لیں۔

اگر آپ کی طرف کی سڑک لکیروں کے ذریعہ لائنوں میں منقسم ہے تو ایسی صورت میں آپ اپنے راستہ کے لئے صحیح لین کا انتخاب کیجئے اور اس میں اس وقت تک چلتے رہے جب تک کہ آپ کسی خاص وجہ سے اپنی لین بدلنے پر مجبور نہ ہو جائیں۔

## سمت بتانے والی بتیاں

پورا اطمینان کر لیں کہ آپ کی سمت بتانے والی بتیاں وہی اشارہ دے رہی ہیں جو آپ چاہتے ہیں اور یہ کہ مڑنے کے فوراً بعد یہ گل بھی ہو جاتی ہے۔

## اہم دفعات

| | |
|---|---|
| ۳/۱۱۲ | بغیر ڈرائیونگ لائسنس گاڑی چلانا۔ |
| ۵/۱۱۲ | کسی اور لائسنس گاڑی چلانا۔ |
| ۱۱/۱۱۲ | لائسنس کا تجدید نہ ہونا۔ |
| ۲۳/۱۱۲ | بغیر رجسٹریشن بک کے گاڑی چلانا۔ |
| ۳۲/۱۱۲ | بغیر رجسٹریشن پلیٹ، بغیر نمبر پلیٹ گاڑی چلانا۔ |
| ۹۳/۱۱۲ | بغیر Fitness سرٹیفکیٹ گاڑی چلانا۔ |
| ۴۴/۱۰۶ | بغیر روٹ پرمٹ کے گاڑی چلانا۔ |
| ۷۵/۹۸ | تیز رفتار سے گاڑی چلانا |
| ۸۲/۱۱۲ | اشارہ کی خلاف ورزی کرنا۔ |
| ۷۲/۱۰۷ | ٹرک اوورلوڈ کرنا۔ |
| ۹۴/۱۲۵ | انشورنش بک نہ ہونا۔ |

| | |
|---|---|
| ۱۱۲/۷۹ | طلباء کے ساتھ بدسلوکی کرنا۔ |
| ۱۱۲/۹۹ | سواریوں کے ساتھ بدسلوکی کرنا۔ |
| ۱۱۲/mov | بس اوورلوڈ کرنا۔ |
| ۱.۲/۱۰۷ | سواری کے سامان کی حفاظت نہ کرنا۔ |
| ۱۱۲/۷ | گاڑی مقابلہ پر دوڑانا۔ |
| ۱۱۲/۱۰۳ | لائٹ خراب ہونا۔ |
| ۱۱۲/۱۵۰ | پریشر ہارن کا نہ ہونا۔ |
| ۱۱۲/۱۵۱ | باب ہارن کا نہ ہونا۔ |
| ۱۱۲/۱۵۲ | سائڈ کا شیشہ نہ ہونا۔ |
| ۱۱۲/۱۵۴ | بغیر وپیر کے گاڑی چلانا۔ |
| ۱۱۲/۱۵۷ | بغیر سپیڈو میٹر کے گاڑی چلانا۔ |
| ۱۱۲/۱۶۱ | دھواں دینے والے گاڑی چلانا۔ |
| ۱۱۲/۱۶۴ | گاڑی سلف سٹارٹ نہ ہونا۔ |
| ۱۱۲/۱۶۳ | پاوٹیشنر سیٹ کا نہ ہونا۔ |
| ۱۱۲/۱۷۱ | لرنر پرمٹ کا نہ ہونا یا بغیر "L" پلیٹ کے گاڑی چلانا۔ |

## کچا لائسنس بنوانے کا طریقہ

برائے موٹر سائیکل و موٹر کار

لرنر فارم بھر کر اس پر ۴۰ روپے کا ڈرائیونگ ٹکٹ ڈاک خانہ سے کر لگائیں اپنے شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی ہمراہ لف کریں۔ عمر ۱۸ سال سے کم نہ ہو۔ واضح رہے یہ پرمٹ چھ ماہ تک کارآمد ہوتا ہے۔ اگر آپ ٹریفک کے قوانین، نشانات اور اشارات آتے ہوں تو پھر آپ چھ ہفتے بعد پکا

# معلومات برائے ڈرائیونگ لائسنس

## لرنر پرمٹ:

1- موٹر سائیکل، موٹر کار کے لرنر پرمٹ کیلئے کم از کم عمر = اٹھارہ (18) سال

2- L.T.V موٹر رکشہ، ٹیکسی اور ٹریکٹر کمرشل کیلئے عمر = اکیس (21) سال

3- H.T.V کیلئے عمر کی حد بائیس (22) سال

## لرنر پرمٹ کیلئے مطلوبہ کاغذات درج ذیل ہیں:

1- درخواست فارم LLRA ہر قسم کی گاڑی کیلئے الگ الگ فارم ہوگا۔

2- قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی۔

3- ساٹھ (60) روپے کی مالیت کا ٹکٹ قریبی پوسٹ آفس سے حاصل کریں۔

4- کتابچہ "ٹریفک کے قواعد وضوابط" دفتر ٹریفک پولیس سے حاصل کریں۔

5- میڈیکل سرٹیفکیٹ صرف پچاس (50) سال یا زائد عمر کے امیدواروں کیلئے۔

نوٹ: لرنر پرمٹ ہر روز جاری کئے جاتے ہیں جس کی معیار چھ (6) ماہ ہے۔

## لرنر پرمٹ کی تجدید

پہلے لرنر پرمٹ کی معیاد کے ختم ہونے کے اندر چالیس (40) روپے اور معیاد کے ختم ہونے کے بعد (60) روپے کی ٹکٹ لگا کر کروانی ہوگی۔

## مستقل لائسنس:

1- مقامی پولیس آفس میں صرف پرائیویٹ گاڑیاں از قسم موٹر سائیکل، موٹر کار، ٹریکٹر زرعی کے امیدواران کے سائن وروڈ ٹیسٹ کیلئے کاغذات جمع ہوتے ہیں۔

2- دیگر تمام قسم کی گاڑیوں کے لائسنس کے کاغذات ٹریفک آفس میں MVE کلرک کے پاس جمع کروا کر ٹیسٹ کی تاریخ لی جاتی ہے۔ ٹیسٹ موٹر وہیکل ایگزامینر کے دفتر میں متعلقہ سٹاف لیتا ہے۔

CamScanner

## مستقل لائسنس کیلیے درج ذیل کاغذات ہونے چاہئیں:

1- درخواست فارم (A)۔
2- اصل لرنر پرمٹ جس کے کم از کم چھ ہفتے گزر چکے ہوں۔
3- میڈیکل سرٹیفکیٹ۔
4- تین عدد تصدیق شدہ تازہ پاسپورٹ سائز فوٹوگراف اور شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی۔
5- حصول لائسنس کے کاغذات پر مقررہ ٹیسٹ فیس کی مالیاتی لائسنس ٹکٹ چسپاں کریں۔
6- ڈرائیونگ ٹکٹ فیس، رینیول فیس برائے پانچ سال۔
(i) موٹرسائیکل ساڑھے پانچ سو (550) روپے کے ڈرائیونگ ٹکٹ۔
(ii) کار نوسو (900) روپے کے ٹکٹ۔
(iii) موٹرسائیکل اور کار دونوں کے ساڑھے نوسو (950) روپے کے ٹکٹ۔

نوٹ: حکومت کی جانب سے فیس میں تبدیلی پر نیا شیڈول لاگو ہوگا۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1- | کار | = | 150روپے | 2- | موٹرسائیکل | = | 50روپے |
| 3- | کار اور موٹرسائیکل | = | 200روپے | 4- | ٹریکٹر زرعی | = | 50روپے |
| 5- | ٹریکٹر کمرشل | = | 100روپے | 6- | LTV | = | 150روپے |
| 7- | HTV | = | 200روپے | 8- | PSV | = | 200روپے |
| 9- | انویلڈ کیرج | = | 20روپے | 10- | رکشہ | = | 50روپے |

## ڈوپلیکیٹ لائسنس:

ڈرائیونگ لائسنس کے گم ہونے یا ضائع ہو جانے کی صورت میں ڈوپلیکیٹ (DUPLICATE) لائسنس حاصل کیا جا سکتا ہے۔ جس کے لئے مندرجہ ذیل کاغذات درکار ہیں۔

1- مطلوبہ درخواست فارم۔
2- قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی۔

CamScanner

3- دوعدد تصدیق شدہ تازہ پاسپورٹ سائز فوٹو گراف۔

4- متعلقہ ڈاکخانہ سے جاری کردہ سرٹیفکیٹ جس سے ظاہر ہو کہ گم شدہ لائسنس کس تاریخ تک کارآمد تھا۔ اگر لائسنس کمپیوٹر سیکشن سے جاری ہوا تو وہاں سے رپورٹ کروائیں۔

5- ٹکٹ مطابق شیڈول لگائی جائے گی۔

ڈوپلیکیٹ لائسنس جاری کرنے سے پہلے اس امر کی تصدیق کی جائے گی کہ حامل لائسنس کسی ایکسیڈنٹ کیس میں ملوث تو نہیں ہے یا لائسنس چالان میں تو نہیں کیا گیا ہوا۔

## انڈورسمنٹ کروانے کا طریقہ:

انڈورسمنٹ کروانے کیلئے مندرجہ ذیل کاغذات تیار کر کے متعلقہ برانچ میں جمع کروائے جاسکتے ہیں۔

1- انڈورسمنٹ فارم
2- میڈیکل سرٹیفکیٹ کارڈ کی فوٹو کاپی

3- قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی۔

4- دوعدد تصدیق شدہ تازہ پاسپورت سائز فوٹو گراف۔

5- اصل لرنر پرمٹ جس کے کم از کم چھ ہفتے گزر چکے ہوں۔

6- ڈرائیونگ ٹکٹ مطابق شیڈول۔
7- پہلا لائسنس ساتھ منسلک کرنا ہوگا۔

نوٹ: مزید معلومات کیلئے ٹریفک پولیس آفس میں انکوائری سے رجوع فرمائیں۔

## تجدید لائسنس:

تجدید لائسنس کیلئے مندرجہ ذیل کاغذات درکار ہیں۔

1- مطلوبہ درخواست فارم۔

2- ایک عدد فوٹو پاسپورٹ سائز، فوٹو کاپی شناختی کارڈ، اصل ڈرائیونگ لائسنس اور فارم کے اندرونی صفحہ پر قسم لائسنس کے مطابق ڈرائیونگ ٹکٹ چسپاں کرنا ہے۔

5 سال کے لئے لائسنس تجدید کیا جاتا ہے۔ فیس ذیل لگائی جاتی ہے۔

1- موٹر سائیکل = 500 روپے۔
2- کار = 750 روپے۔

3- کار+موٹر سائیکل=750روپے۔
4- LTV =750روپے
5- موٹر رکشہ= 500روپے۔
6- ٹریکٹر کمرشل=500روپے۔
7- ٹریکٹر زرعی= 250روپے۔
8- HTV =1000روپے
9- انویلڈ کیرج= 100روپے۔

## تجدید نہ کرانے کی صورت میں جرمانہ:

1- لائسنس کی تاریخ ختم ہونے کے 30دن کے اندر تجدید کرانے کی صورت میں کوئی جرمانہ نہیں ہوگا= Nill
2- لائسنس کی تاریخ ختم ہونے کے 30دن کے بعد اور 90دن کے اندر تجدید کرانے کی صورت میں جرمانہ مقررہ لائسنس فیس کا پچاس فیصد ہوگا۔
3- لائسنس کی تاریخ ختم ہونے کے 90دن کے بعد ایک سال کے اندر جرمانہ مقررہ لائسنس فیس کے برابر ہوگا۔
4- لائسنس کی تاریخ ختم ہونے کے ایک سال بعد جرمانہ مقررہ لائسنس فیس کا ایک سو پچاس فیصد ہوگا۔

## انٹرنیشنل لائسنس:

1- تصدیق شدہ شناختی کارڈ کی ایک فوٹو کاپی۔
2- لاہور سے جاری شدہ Valid ڈرائیونگ لائسنس کی فوٹو کاپی۔
3- کم از کم 6ماہ تک Valid پاکستانی پاسپورٹ کی فوٹو کاپی بمعہ ویزہ۔
4- 2عدد تصدیق شدہ تصویریں پاسپورٹ سائز۔
5- 22روپے کی کورٹ فیس ٹکٹ۔

نوٹ: (i) درخواست دہندہ اصل شناختی کارڈ ڈرائیونگ لائسنس اور پاسپورٹ اپنے ہمراہ تصدیق کے لئے لائیں گے۔

(ii) فارم وصول ہونے کے ایک دن بعد انٹرنیشنل ڈرائیونگ لائسنس جاری کیا جائے گا۔

CamScanner